سوال

کیا الٹی کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

مَنْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ فَلَيْسَ عَلَيْهِ قَضَاءٌ وَمَنْ اسْتَقَاءَ عَمْدًا فَلْيَقْضِ (صحیح سنن ترمذي :720)

جسے قے آجائے اس پر روزے کی قضا لازم نہیں، جو جان بوجھ کر قے کرے اسے روزے کی قضا کرنی چاہیئے

1. مذکورہ بالا حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص جان بوجھ کر اپنی انگلی منہ میں ڈال کر یا پیٹ کو دبا کر یا کسی دوسرے طریقے سے جان بوجھ کر قے کرے اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا۔ اگر اس کا معدہ خراب ہو اور اسے قے آجائے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

والله أعلم بالصواب